57

# سرینگر ٹائمز

بانی صوفی غلام محمد



## گل کو جلد صحت یابی کی امید

ہندوستانی کرکٹ ٹیم کے کپتان شبھمن گل اپنی گردن کی چوٹ سے صحت یاب ہو رہے ہیں اور پیر سے بنگلور میں بی سی سی آئی سینٹر آف ایکسیلنس میں ری ہیب کا آغاز کر دیا ہے۔ ان کی توقع ہے کہ وہ جلد جنوبی افریقہ کے خلاف ہونے والی ٹی-۲۰ سیریز کے لیے دستیاب ہو جائیں گے۔ پانچ میچوں کی اس سیریز کا پہلا میچ ۹ دسمبر کو کٹک میں کھیلا جائے گا۔ (تفصیلات اندر)



## بڑودہ سے کھیلیں گے پانڈیا

پانڈیا ایک بار پھر مسابقتی کرکٹ میں واپسی کرنے جا رہے ہیں۔ وہ گھریلو ٹی-۲۰ ٹورنامنٹ سید مشتاق علی ٹرافی (ایس ایم اے ٹی) میں بڑودہ کی نمائندگی کریں گے۔ ستمبر کے بعد یہ پہلا موقع ہو گا جب ہاردک میدان پر نظر آئیں گے۔ دو اور چار دسمبر کو پنجاب اور گجرات کے خلاف ہونے والے میچوں کے دوران قومی سلیکٹر پرگیان اوجھا بھی موجود رہ سکتے ہیں۔ (تفصیلات اندر)

www.srinagartimes.net | قیمت 5 روپے | DAILY SRINAGAR TIMES | R.N.I: 17647/69 • Vol: 57 • No. 332 | صفحات: 08 | ۲ دسمبر ۲۰۲۵ بروز منگلوار بمطابق ۱۰ جمادی الثانی ۱۴۴۷ | Tuesday 02nd December 2025 | جلد نمبر 57

## ٹریفک دباؤ سے پیدا شدہ رُکاوٹیں ختم کرنے کے اقدامات/ DC

### صنعت نگر فلے اوور اور نور جہاں پل سے راحت ملنے کی اُمید



سرینگر/ یو این آئی/ ضلع مجسٹریٹ سری نگر اکشے لبرو کا کہنا ہے کہ انتظامیہ شہر میں ٹریفک کی بھیڑ کو کم کرنے کے مقصد سے مربوط اقدامات کو نافذ کرنے کے لیے تمام لائن محکموں کے ساتھ مل کر کام کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سڑک کے بنیادی ڈھانچے میں حالیہ اضافے، بشمول صنعت نگر فلائی اوور اور نور جہاں پل، اور ٹریفک پولیس کے سخت نفاذ کے نتیجے میں بڑے راستوں پر راحت ملی ہے۔ ضلع مجسٹریٹ نے ان باتوں کا اظہار پیر کو یہاں نامہ نگاروں کے ساتھ بات کرنے کے دوران کیا۔ ان کا کہنا ہے کہ سونار کول لنک روڈ، جو اس وقت زیر تعمیر ہے، نواب بازار کو صفا کدل سے جوڑے گی اور توقع ہے کہ یہ ایمبولینسوں، ٹراما کیسز اور/1





## 15 منٹ کے بعد لوک سبھا کی کارروائی دوپہر 2 بجے تک ملتوی

### اپوزیشن کا انتخابی فہرستوں کی جاری خصوصی گہری نظرثانی (SIR) پر بحث کا مطالبہ

سرینگر/ جے کے این ایس/ پارلیمان کا سرمائی اجلاس پیر کی صبح، لوک سبھا میں اپوزیشن کی جانب سے ایس آئی آر سمیت مختلف معاملات پر نعرے بازی، ہنگامہ آرائی اور شور شرابے کیساتھ شروع ہوا۔ اسپیکر اوم برلا نے پیر کو صرف 15 منٹ کی قانون سازی کی کارروائی کے بعد دوپہر 2 بجے تک ملتوی کر دیا۔ سرمائی اجلاس یکم دسمبر سے 19 دسمبر 2025 تک چلے گا اور اس میں صرف 15 نشستیں ہوں گی، اپوزیشن دہلی کار بم دھماکہ، راجدھانی میں آلودگی کا مسئلہ اور نئے لیبر قوانین جیسے مسائل کو بھی اجاگر کرے گی جبکہ حکومت نے کارپوریٹ لاء، جوہری توانائی، اور تعلیم سمیت 13 بلوں کو منظور کرنے کا ایجنڈا طے کیا ہے۔ جے کے این ایس مانٹرینگ ڈیسک کے مطابق لوک سبھا کے سرمائی اجلاس کے پہلے دن، اپوزیشن جماعتوں کی طرف سے انتخابی دھاندلی کا الزام لگاتے ہوئے بار بار نعرے بازی کے درمیان پیر کو صرف کی صبح 15 منٹ کی/2

## دہلی دھماکہ کی تحقیق کے تحت وادی میں چھاپوں پر چھاپے

### اب تک کی سب سے بڑی کارروائی میں تقریباً 10 مقامات پر بیک وقت تلاشیاں

سرینگر/ یو این آئی/ دہلی کے تاریخی لال قلعہ کے نزدیک 10 نومبر کو ہوئے دھماکے کی تحقیقات کے سلسلے قومی تحقیقاتی ایجنسی (این آئی اے) نے پیر کی صبح کشمیر میں تقریباً دس مقامات پر بیک وقت چھاپے مارے۔ یہ چھاپے اس حساس کیس میں اب تک کی سب سے بڑی کارروائی قرار دی جا رہی ہے، جس کا مقصد دھماکے کے پس منظر میں سرگرم مبینہ 'وائٹ کالر' ماڈیول اور دیگر سہولت کاروں کے سائنسی و تکنیکی ثبوت جمع کرنا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ این آئی اے کی مختلف ٹیموں نے آج صبح سویرے شوپیاں اور پلوامہ کے متعدد دیہات میں مخصوص رہائشی مقامات پر اچانک کارروائیاں شروع کیں۔ جن اہم افراد کے گھروں پر چھاپے مارے گئے، ان میں مولوی عرفان احمد وگے، ڈاکٹر عدیل، ڈاکٹر مزمل اور عامر رشید شامل ہیں۔ ذرائع کے مطابق جن علاقوں میں چھاپے جاری ہیں، ان میں شوپیاں کا نادیگام جبکہ پلوامہ کے کوئل، چاندگام، ملنگپورہ اور سانبورہ شامل ہیں۔ ان مقامات کو پہلے سے سیل کر کے مقامی پولیس و نیم فوجی دستوں کی اضافی نفری نے گھیرے میں لیا ہے تا کہ کارروائی کے دوران کوئی رکاوٹ یا مشتبہ نقل و حرکت کی کوشش نہ ہو۔ این آئی اے کی ٹیمیں چھاپوں کے دوران ڈیجیٹل آلات، دستاویزات، مواصلاتی ریکارڈ، مالی لین دین کی تفصیلات اور ایسی اشیاء کی تلاش میں مصروف ہیں جن کا تعلق دہلی دھماکہ کیس اور اس میں ملوث ممکنہ کشمیری روابط سے جوڑا جا سکتا ہو۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ایجنسی اس بات کا سراغ لگانے کی کوشش کر رہی ہے کہ آیا دھماکے میں شامل گروہ کو مقامی سطح پر کسی اعلیٰ تعلیم یافتہ یا بااثر گروہ سے معاونت حاصل تھی یا نہیں۔ این آئی اے کو شبہ ہے کہ اس معاملے میں ایسے افراد بھی شامل ہو سکتے ہیں جو براہِ راست کارروائی میں شامل نہ تھے، لیکن لاجسٹک، فنانشل یا تکنیکی سہولت فراہم کرتے رہے۔ قابلِ ذکر ہے کہ 10 نومبر کو لال قلعہ کے نزدیک ایک کار میں ہونے والے شدید دھماکے میں کم از کم 15 افراد جان سے ہاتھ دھو بیٹھے جبکہ متعدد زخمی ہوئے تھے۔ دھماکے کی نوعیت اتنی شدید تھی کہ آس پاس کھڑی کئی گاڑیاں تباہ اور دوکانوں کی شیشے ٹوٹ گئے تھے۔ واقعہ کے بعد مرکز نے اسے 'ہائی پروفائل اور حساس معاملہ' قرار دیتے ہوئے تحقیقات این آئی اے کے سپرد کی تھیں۔ ایجنسی اب تک چھ افراد کو گرفتار کر چکی ہے، جن سے پوچھ گچھ میں اہم سراغ ملنے کا دعویٰ کیا جا رہا ہے۔





## ایوان پارلیمنٹ میں کوئی ڈرامہ نہیں چلے گا/ وزیر اعظم مودی

### پارلیمانی اجلاس کے شروع ہونے سے پہلے پریس کانفرنس سے خطاب

سرینگر/ جے کے این ایس/ وزیر اعظم نریندر مودی نے پارلیمنٹ کے سرمائی اجلاس سے قبل اپوزیشن کو پیغام دیتے ہوئے کہا کہ ایوان میں کوئی ڈرامہ نہیں چلے گا۔ انہوں نے کہا کہ کچھ پارٹیاں بہار الیکشن کی شکست کو ہضم نہیں کر سکتیں۔ جے کے این ایس مانٹرینگ ڈیسک کے مطابق وزیر اعظم نریندر مودی نے پارلیمنٹ کے سرمائی اجلاس سے قبل پیر کو ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے اپوزیشن جماعتوں پر زور دیا کہ وہ عوام کیلئے نتیجہ خیز اجلاس چلانے پر توجہ دیں۔ وزیر اعظم نے اپوزیشن پر طنز کرتے ہوئے کہا کہ وہ بہار کے انتخابات میں اپنی حالیہ شکست کی وجہ سے پریشان لگ رہے ہیں۔ انہوں نے ان پر زور دیا کہ وہ اپنے اختلافات کو حل کریں اور اس بات کو یقینی بنانے کیلئے کام کریں کہ پارلیمنٹ میں اچھی پالیسی اور قوانین پاس ہوں تا کہ مانسون اجلاس کی طرح یہ اجلاس بھی ضائع نہ ہو۔ وزیر اعظم مودی نے کہا کہ میں سب سے درخواست کروں گا کہ ہر کوئی موجودہ مسائل کے بارے میں سوچے۔ انہوں نے اپوزیشن پر نشانہ سادھتے ہوئے کہا کہ ڈرامہ کرنے کیلئے بہت سی جگہیں ہیں، جو کوئی بھی ڈرامہ کرنا چاہتا ہے، کر سکتا ہے، یہاں ڈرامہ نہیں، ڈیلیوری ہونی چاہیے۔ وزیر اعظم مودی نے کہا کہ جو کوئی بھی نعرے لگانا چاہتا ہے، اس کے لیے پورا ملک پڑا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن کو بھی پارلیمنٹ میں مضبوط اور ضروری ایشوز اٹھانے چاہیں۔ انہیں انتخابی شکست سے ہوئی پریشانی سے باہر نکلنا چاہیے اور حصہ لینا چاہیے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ میں نے سوچا تھا کہ چونکہ بہار انتخابات کو کافی وقت ہو گیا ہے، اس لئے انہوں نے خود کو سنبھال لیا ہو گا، لیکن کل ایسا لگا کہ شکست نے ان پر صاف طور پر اثر ڈالا ہے۔ انہوں نے تمام جماعتوں پر زور دیا کہ سرمائی اجلاس ہار سے پیدا ہونے والی مایوسی کا میدان نہیں بننا چاہیے اور نہ ہی فتح سے پیدا ہونے والے گھمنڈ کا اکھاڑا بننا چاہیے۔ مودی نے کہا، اس سیشن میں اس بات پر توجہ مرکوز کرنی چاہیے کہ پارلیمنٹ ملک کے لیے کیا سوچ رہی ہے، پارلیمنٹ ملک کے لیے کیا کرنا چاہتی ہے، اور کیا کرنے جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اپوزیشن کو بھی اپنی ذمہ داری پوری کرنی چاہیے اور بحث میں مضبوط مسائل اٹھانے چاہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ یہ سرمائی اجلاس صرف ایک رسم نہیں/3



## ٹکراؤ اور فرار کا معاملہ

### دو گھنٹوں میں ڈرائیور گرفتار/ پولیس

سرینگر/ یو این آئی/ کلگام پولیس نے ہٹ اینڈ رن کیس کو دو گھنٹوں کے اندر ہی حل کر کے ملزم ڈرائیور کو گرفتار کر لیا۔ واضح رہے کہ جنوبی کشمیر کے کلگام ضلع کے قاضی گنڈ کے نیپورہ علاقے میں پیر کو ایک 65 سالہ شخص کی گاڑی کی ٹکر سے موت واقع ہو گئی۔ متوفی کی شناخت عبدالاحد کھانڈے ولد عبدالخالق پانڈے ساکن نیپورہ قاضی گنڈ کے طور پر ہوئی ہے۔ ایک پولیس ترجمان نے بتایا کہ کولگام پولیس نے 2 گھنٹوں کے اندر/8

## پرتاپ پارک میں اپنے آپ کو آگ لگانے والی لڑکی دم توڑ گئی

### دو دنوں تک زخموں کو برداشت کرنے کی کوشش ناکام ہو گئیں

سرینگر/ سرینگر کے مصروف تجارتی مرکز لال چوک میں ہفتے کے روز خودسوزی کی کوشش کرنے والی نوجوان لڑکی پیر کی صبح ایس ایم ایچ ایس ہسپتال میں زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے چل بسی۔ اس افسوسناک واقعے نے دارالحکومت میں شدید افسردگی اور تشویش کی لہر پیدا کر دی ہے۔ سرکاری ذرائع نے بتایا کہ لڑکی نے پرتاپ پارک کے نزدیک خود پر مبینہ طور پر آتش گیر مادہ چھڑک کر آگ لگا لی تھی۔ واقعہ دن کے وقت ہونے کے باعث اچانک بھگدڑ مچ گئی اور اطراف میں موجود لوگوں نے فوری طور پر صورتحال کو قابو میں لانے کی کوشش کی۔ موقع پر موجود شہریوں نے انتہائی جذبے اور ہمت کا مظاہرہ کرتے ہوئے دستیاب پانی اور دیگر وسائل کے ذریعے آگ بجھانے کی کوشش کی، جس کے بعد پولیس اور ریسکیو ٹیمیں موقع پر پہنچیں اور لڑکی کو تشویشناک حالت میں اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ میڈیکل ذرائع کا کہنا ہے کہ لڑکی کے جسم کا/6

## طیارہ ایندھن 5.5 فیصد مہنگا

### کمرشل ایل پی جی سلنڈر سستا

نئی دہلی/ یو این آئی/ تیل مارکیٹنگ کمپنیوں نے پیر سے طیارے کے ایندھن کی قیمتیں تقریباً 5.5 فیصد بڑھا دی ہیں، جبکہ 19 کلوگرام والے کمرشل ایل پی جی سلنڈر کی قیمت میں کمی کی گئی ہے۔ ملک کی سب سے بڑی تیل مارکیٹنگ کمپنی انڈین آئل کارپوریشن کے مطابق دہلی میں آج سے طیارہ ایندھن کی قیمت 5,133.75 روپے (5.43 فیصد) بڑھ کر 99,676.77 روپے فی کلولیٹر ہو گئی ہے۔

## محمد رمضان چودھری نے کشمیری اور شمی اوبرائے نے پنجابی میں حلف اُٹھایا

### سجاد کچلو نے اُردو کا استعمال کیا، پارلیمنٹ کی پہلی نشست میں شامل



سرینگر/ یو این آئی/ جموں و کشمیر کے سیاسی منظرنامے میں آج ایک اہم پیش رفت اس وقت درج ہوئی جب راجیہ سبھا کے لئے حال ہی میں منتخب ہونے والے تین اراکین نے نئی دہلی میں حلف وفاداری اٹھایا۔ نائب صدر جمہوریہ و چیئرمین راجیہ سبھا سی پی رادھا کرشنن نے تینوں اراکین کو ایوانِ بالا کا رکن بننے کا باضابطہ اختیار دیا۔ اس تقریب کے ساتھ ہی تقریباً چار برس بعد جموں و کشمیر کی نمائندگی راجیہ سبھا میں بحال ہو گئی، جو مرکز کے زیر انتظام خطے کے لئے پارلیمانی سطح پر ایک اہم پیش رفت سمجھی جا رہی ہے۔ تقریب میں سب سے پہلے نیشنل کانفرنس کے سینئر رہنما سجاد احمد کچلو نے حلف لیا، جنہوں نے اپنی مادری زبان اردو میں/4

## لیفٹیننٹ گورنر کی سردار@150 یونٹی مارچ کے قومی پدیاترا میں شرکت

### کہا، سردار پٹیل کا اتحاد سماجی انصاف کے اقدار آج بھی ہماری قوم کی ترقی کی رہنمائی کر رہی ہیں

جموں/ لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے آج وڈودرا گجرات میں 'سردار @150 یونٹی مارچ (پد یاترا)' میں شرکت کی۔ قومی پدیاترا جو سردار پٹیل کے خاندانی گھر کرمساد سے شروع ہوئی، 11 دنوں میں تقریباً 190 کلومیٹر کا فاصلہ طے کرے گی اور 6 دسمبر کو سٹیچو آف یونٹی پر اختتام پذیر ہو گی۔ لیفٹیننٹ گورنر 'کشمیر، حیدر آباد اور سردار' کے موضوع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ اُنہوں نے کہا، "اگر 1947 میں سردار پٹیل کو جموں و کشمیر کے انضمام کی مکمل ذِمہ داری دی گئی ہوتی تو تاریخ مختلف ہوتی۔" لیفٹیننٹ گورنر نے کہا کہ براہِ راست جموں و کشمیر کے معاملات سنبھالنے کے باوجود سردار پٹیل نے یہ یقینی بنایا کہ یہ ہندوستان کا اٹوٹ حصہ رہے۔ سردار پٹیل نے شروع ہی سے کہا تھا کہ ہم جموں کشمیر کا ایک اِنچ بھی پاکستان کو نہیں دیں گے۔ منوج سِنہا نے کہا، "سردار پٹیل اُس وقت کے وزیرِ اعظم جواہر لال نہرو کی جموں و کشمیر کے حوالے سے پالیسی کے مخالف تھے۔ وہ اِس مسئلے کو اقوامِ متحدہ لے جانے کے/7



## لیفٹیننٹ گورنر کی ہندوستان کی

### پہلی دفاعی لائن BSF کو مبارک باد

سرینگر/ یو این آئی/ جموں و کشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے پیر کے روز بارڈر سیکورٹی فورس (بی ایس ایف) کو ان کے یوم تاسیس پر مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے کہا: 'بی ایس ایف، جو ہندوستان کی پہلی دفاعی لائن ہے، نے ہماری سرحدوں کی حفاظت کے لیے غیر معمولی ہمت، لگن اور غیر متزلزل عزم کا مظاہرہ کیا ہے'۔ واضح رہے کہ بی ایس ایف کو یکم دسمبر 1965 کو معرض وجود میں لایا گیا تھا۔ منوج سنہا نے 'ایکس' پر اپنے ایک پوسٹ میں کہا: 'بی ایس ایف کے یوم تاسیس پر میں تمام افسروں، جوانوں، سابق فوجیوں اور ان کے اہل خانہ کو مبارکبا پیش کرتا ہوں'۔ انہوں نے کہا: 'بی ایس ایف، جو ہندوستان کی پہلی دفاعی لائن ہے، نے ہماری سرحدوں/9

## ''ایڈز'' کی تشخیص اور علاج کیلئے خدمات مضبوط بنائیں گے/ عمر عبداللہ

### 2030ء تک اس مرض کو ختم کرنے کی تمام کوششیں کامیاب ہوں گی

سرینگر/ یو این آئی/ جموں و کشمیر کے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے ایڈز کے عالمی دن کے موقع پر اس عزم کو دوہرایا کہ جموں و کشمیر حکومت ایڈز سے متعلق بیداری، بچاؤ، تشخیص اور علاج کی خدمات کو مزید مضبوط بنائے گی۔ انہوں نے اس سال کے موضوع "رکاوٹوں پر قابو پانا، ایڈز کے ردعمل کو تبدیل کرنا" کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ ایچ آئی وی/ ایڈز سے متاثر ہر فرد کے لئے وقار، نگہداشت اور بھرپور تعاون کو یقینی بنانا حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ وزیر اعلیٰ کے دفتر کے 'ایکس' ہینڈل پر مزید کہا گیا: 'وزیر اعلیٰ نے اس عزم کا بھی اظہار کیا کہ سال 2030 تک ایڈز کو ایک عوامی صحت کے خطرے کے طور پر ختم کرنے کے لئے موثر اور مشترکہ کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔ واضح رہے کہ عالمی ایڈز دن 1988 سے ہر سال یکم دسمبر کو منایا جاتا ہے تاکہ ایڈز کے پھیلاؤ کے متعلق جانکاری کو عام کیا جا سکے۔

## پارلیمنٹ سوالوں کیلئے ہی بنی ہے

### رکن پارلیمنٹ پرینکا گاندھی کا سوال

نئی دہلی/ یو این آئی/ کانگریس کی رکن پارلیمنٹ پرینکا گاندھی واڈرا نے پیر کے روز حکومت سے سوال کرتے ہوئے کہا کہ اگر پارلیمنٹ سوالوں کے لیے نہیں بنی تو پھر آخر کس مقصد کے لیے قائم کی گئی ہے۔ محترمہ واڈرا نے آج صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ "چاہے انتخابی ماحول ہو یا معمول کے دن، ووٹر لسٹ کی خصوصی نظرِ ثانی اور آلودگی جیسے سنگین مسائل آج بھی ہمارے سامنے موجود ہیں۔ ان پر مفصل بحث ضروری ہے۔ آخر پارلیمنٹ کا مقصد کیا ہے؟" انہوں نے/10

## فورس سرحد پار سے کسی بھی مہم جوئی کا جواب دینے کیلئے تیار/ اشوک یادو

### جموں و کشمیر پولیس کی مدد کیلئے BSF کی 13 کمپنیاں اندرونی علاقوں میں تعینات



سرینگر/ جے کے این ایس کے مطابق انسپکٹر جنرل (آئی جی) کشمیر فرنٹیئر اشوک یادو نے بی ایس ایف کے 61 ویں یوم تاسیس کے موقع پر ہمہامہ ہیڈ کوارٹر میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ، ان دراندازیوں میں 13 درانداز ملوث تھے، جن میں سے 8 کو فوج و بی ایس ایف نے ہلاک کر دیا اور 5 درانداز واپس بھاگ گئے۔ انہوں نے کہا کہ فوج کیساتھ مل کر بی ایس ایف نے کنٹرول لائن پر موثر تسلط نے کوششوں کی تعداد کو کم کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ اشوک یادو نے کہا کہ فوج اور بی ایس ایف کی مشترکہ کارروائیوں میں ان کے دور میں دراندازی کی 4 کوششوں کو ناکام بنایا گیا۔ یہ پوچھے جانے پر کہ کتنے آپریشن مکمل طور پر بی ایس ایف کے انٹیلی جنس ان پٹ پر مبنی تھے، انہوں نے کہا کہ یہ انٹیلی جنس/11

## روبائیہ سعید کے کیس میں

### سرینگر میں تازہ گرفتاری

سرینگر/ مرکزی تفتیشی بیورو (سی بی آئی) نے پیر کو روبائیہ سعید اغوا کیس کے سلسلے میں ایک شخص کو گرفتار کیا ہے۔ ذرائع نے نیوز ایجنسی کشمیر ڈاٹ کام (KDC) کو بتایا کہ گرفتار شخص کی شناخت شفاعت احمد شنگلو ولد سیف الدین، ساکن حول کے طور پر کی گئی ہے اور وہ اس وقت اشبر نشاط میں مقیم ہے، انہوں نے مزید کہا کہ شنگلو کو سی بی آئی نے پولیس اسٹیشن نشاط سے حراست میں لیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ یہ گرفتاری ایجنسی کی 1989 کے اغوا کیس میں جاری کارروائی کے/12

## وادی کے اطراف و اکناف میں آئے روز منشیات فروشوں کی گرفتاریاں

### تازہ واقعہ میں پلوامہ میں دو سمگلر ''براون شوگر'' سمیت پکڑے گئے

سرینگر/ یو این آئی/ منشیات کے خلاف ایک بڑی کارروائی میں پلوامہ پولیس نے دو منشیات فروشوں کو گرفتار کر کے بڑی مقدار میں براؤن شوگر جیسا ممنوعہ مواد برآمد کیا۔ ایک پولیس ترجمان نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ نارکو-ٹیرر سپلائی چین کے خلاف ایک بڑی کارروائی میں پلوامہ پولیس نے دو منشیات اسملگروں کو گرفتار کر کے 1 کلو 130 گرام براؤن شوگر جیسا ممنوعہ مواد برآمد کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ کارروائی ایک معمول کی چیکنگ کے دوران عمل میں لائی گئی۔ ان کا کہنا ہے کہ پولیس پوسٹ رہمو کی ایک پارٹی نے رہمو پل پر ناکہ چیکنگ کے دوران ایک مشکوک ٹاٹا موبائل گاڑی زیر رجسٹریشن نمبر JK09D - 7662 کو روکا۔ پولیس ترجمان نے بتایا کہ ناکہ پارٹی کی مستعدی اور پیشہ ورانہ کارروائی کے نتیجے میں گاڑی میں سوار دونوں افراد کو حراست میں لیا گیا جن کی شناخت منیر احمد شیخ ولد عبدالحمید شیخ ساکن حاجی ترا کرنا اور توفیق احمد شیخ ولد محمد رفیق شیخ ساکن حاجی ترا کرنا کے طور پر ہوئی/5

